# 2026 میں محفوظ طریقے سے ووٹ دیں

جانیں کہ اگر ICE یا وفاقی ایجنٹ انتخابات کے مقامات پر میں آتے ہیں تو کیا کرنا چاہیے

جولائی 2026

**ٹرمپ انتظامیہ نے بارہا اس امکان کو مسترد کرنے سے انکار کیا** ہے کے اس موسم خزاں میں پولنگ کے مقامات پر وفاقی اہلکار بھیجے جا سکتے ہیں۔ ووٹر اس غیر قانونی دھمکی کے بارے میں فکر مند ہو سکتے ہیں۔ ہم اس ڈر کو سمجھ سکتے ہیں۔ اس دھمکی کا مقصد اہل امریکیوں کو ووٹ دینے کے اپنے حق کے استعمال سے روکنا ہے۔ اس انتظامیہ کو معلوم ہے کہ ووٹرز کے پاس اپنے حقوق استعمال کرنے کی طاقت اور عزم موجود ہے۔۔ ووٹروں کو پتہ ہونا چاہیے کے قانون انکے ساتھ ہے۔

وفاقی قانون وفاقی افسران کو انتخابات میں مداخلت کرنے سے منع کرتا ہے۔۔ وفاقی قانون کے تحت، جہاں بھی انتخابات ہو رہے ہوں وہاں فوج یا مسلح وفاقی اہلکاروں کو تعینات کرنا غیر قانونی ہے۔ اور وفاقی اور ریاستی قوانین ہر کِسی کو، بشمول وفاقی ایجنٹوں کے، ووٹروں کو ہراساں کرنے سے روکتے ہیں۔ تاہم، اگر ٹرمپ انتظامیہ اس غیر قانونی دھمکی پر عمل کرتی ہے، تو ووٹر، سماجی تنظیمیں اور انتخابی عہدیدار ووٹروں کے حقوق کے تحفظ کے لئے عدالت سے رجوع کر سکتے ہیں۔ عدالتوں کے پاس انتخابی عمل میں خلل (بشمول ووٹروں کو ہراساں کرنے) کو روکنے اور اس پر فوری ردعمل ظاہر کرنے کا طریقہ کار موجود ہیں۔

مزید براں، ووٹروں اپنے حقوق سے آگاہ ہو کر اور ووٹ ڈالنے کا منصوبہ بنا کر تیاری کر سکتے ہیں۔ اگر وفاقی اہلکار آپکے پولنگ اسٹیشن پر آجائیں، تو اپنے ووٹ اور اپنی کمیونٹی کی آواز کے تحفظ کے لئے آپ یہ اقدامات کر سکتے ہیں۔

## ووٹنگ سے پہلے

### اپنے حقوق جانیں۔

**حکومت کا پولنگ کے مقامات پر مسلح وفاقی اہلکاروں کو بھیجنا غیر قانونی ہے۔** ووٹروں کو خوف اور دھمکی سے آزادانہ طور پر ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔ ریاستی اور وفاقی قوانین ICE یا دیگر مسلح وفاقی ایجنٹوں کو بھیجنے کی مُمانعت کرتے ہیں۔ ووٹر کو ہراساں یا مرعوب کرنا — بشمول وفاقی، ریاستی اور مقامی عہدیداروں کی جانب سے — وفاقی قوانین کے تحت غیر قانونی ہے، جیسے کہ:

- 18 U.S.C. § 592, جو وفاقی عہدیداروں کو "کسی بھی ایسی جگہ جہاں عام یا خصوصی انتخابات ہو رہے ہوں، مسلح افراد کو تعینات کرنے سے منع کرتا ہے۔
- 18 U.S.C. § 593, جو مسلح افواج کو کسی شخص کو ووٹ ڈالنے سے روکنے کے لیے ''طاقت، دھمکی، رعب، مشورے یا کسی اور طریقے'' کا استعمال کرنے، اور "انتخابی عہدیدار کی جانب سے فرائض کی انجام دہی میں کسی بھی طرح" مداخلت کرنے سے منع کرتا ہے؛
- 18 U.S.C. § 594، جو کسی بھی شخص کو "ووٹ دینے کے حق میں مداخلت کرنے کی غرض سے" ڈرانے دھمکانے یا جبر کرنے سے منع کرتا ہے؛ اور
- 18 U.S.C. § 595، جو سرکاری ملازمین کو وفاقی مالی معاونت سے چلنے والی سرگرمی کے سلسلے میں اپنے سرکاری اختیار کا استعمال کرتے ہوئے وفاقی انتخابات میں مداخلت کرنے سے منع کرتا ہے۔

**آپکو ووٹ کرنے کے لئے انگریزی بولنا، پڑھنا، یا لکھنا ضروری نہیں ہے۔** ووٹنگ رائٹس ایکٹ آپ کو ووٹ دیتے وقت اپنی پسند کے معاون یا مترجم کو لانے کے حق کی ضمانت دیتا ہے، جب تک کہ وہ آپ کے آجر یا مزدور یونین کے نمائندے نا ہوں۔ بعض مقامات کے لیے یہ بھی لازم ہے کہ وہ مخصوص لسانی اقلیتی گروہوں کو زبان سے متعلق معاونت فراہم کریں۔ کچھ مقامات وفاقی سطح پر درکار تقاضوں سے بڑھ کر زبان کی اضافی مدد فراہم کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے اپنے مقامی الیکشن آفس سے رابطہ کریں۔

آپ کی رہائش گاہ کے لحاظ سے، **ووٹ ڈالنے کے لیے آپ کو شناخت ظاہر کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔**

### ووٹ ڈالنے کا منصوبہ بنائیں۔

**ابھی اپنا ووٹر ریجسٹریشن چیک کریں۔** نیچے دی گئی الیکشن پروٹیکشن ہاٹ لائن پر کال کریں یا مدد کے لیے vote.org پر جائیں۔

- ▲ **وقت:** آپ نے ایجنٹوں کو کب دیکھا؟
- ▲ **سامان:** ایجنٹوں کے پاس کیا تھا؟ کیا وہ مسلح تھے؟

ایجنٹس کی موجودگی کے بارے میں معلومات کو وسیع پیمانے پر—بشمول سوشل میڈیا—شیئر کرنے سے پہلے احتیاط برتیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ یہ شناخت نہ کر سکیں کہ آیا وہ اہلکار وفاقی ایجنٹس ہیں، امیگریشن ایجنٹس ہیں، یا مقامی قانون نافذ کرنے والے ادارے کے اہلکار ہیں۔ کچھ علاقوں میں مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کا پولنگ کے مقامات پر موجود ہونا لازمی ہوتا ہے، یا پھر انتخابی حکام کی درخواست پر یا ہنگامی صورتحال کے پیشِ نظر ان کی موجودگی کی اجازت ہوتی ہے۔ پولنگ کے مقام پر وفاقی ایجنٹس یا ICE کی موجودگی کی جھوٹی خبریں غیر ضروری گھبراہٹ کا باعث بن سکتی ہیں اور لوگوں کو ووٹ ڈالنے سے باز رکھ سکتی ہیں۔

## اگر ووٹ ڈالتے وقت وفاقی ایجنٹوں یا قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے آپ کو روکا جائے یا آپ سے پوچھ گچھ کی جائے...

**پوچھیں کے کیا آپ جانے کے لیے آزاد ہیں۔** اگر ایجنٹ "ہاں" کہتے ہیں، تو ووٹرز جا سکتے ہیں۔ عہدیدار عام طور پر ووٹروں کو اس وقت تک حراست میں نہیں لے سکتے جب تک کہ اس بات کا معقول شبہ نا ہو کہ وہ کوئی جرم کر رہے ہیں یا – وفاقی امیگریشن ایجنٹس کے معاملے میں – امیگریشن قوانین کے خلاف ورزی کی ہے۔ بھاگنے کے بجائے پرسکون انداز میں چل کر جانے سے حکام کو ووٹر کو روکنے کی وجہ دینے سے بچا جا سکتا ہے۔

**جان لیں کے آپکو کونسی معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔** ووٹرز خاموش رہنے اور وکیل کا مطالبہ کرنے کے اپنے حق کا استعمال کر سکتے ہیں، چاہے حراست میں لئے گئے ہو۔ ووٹرز واضح طور پر کہہ سکتے ہیں کہ"میں خاموش رہنا چاہتا ہوں" یا "مجھے وکیل چاہیے۔" ووٹرز پر قانون نافذ کرنے والے اداروں یا وفاقی ایجنٹوں کے سوالات کا جواب دینا لازم نہیں ہے۔ ٹریفک، پیدل چلنے والوں سے متعلق، اور ریاست کے دیگر مخصوص قوانین کی خلاف ورزی پر روکے جانے کی صورت میں ان سے صرف اپنا نام بتانے اور شناختی دستاویز دکھانے کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے۔

ووٹروں کو وارنٹ کے بغیر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لئے اپنے موبائل فونز کو کھولنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ووٹرز کو یہ حق حاصل ہے کے وہ اپنے سامان کی تلاشی پر اعتراض کریں اور واضح طور پر کہیں کہ "میں تلاشی کے لئے رضامند نہیں ہوں"، بشرطیکہ وہ تلاشی کی کاروائی میں رکاوٹ نا ڈالیں۔ اس کے باوجود افسران کو تلاشی لینے کا قانونی اختیار ہو سکتا ہے۔

**درج ذیل فون نمبروں کے ذریعے الیکشن پروٹیکشن ہاٹ لائن سے رابطہ کریں،** جو متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

- **انگریزی:** 1-866-OUR-VOTE
- **ہسپانوی یا انگریزی:**1-888-VE-Y-VOTA
- **ایشین زبان یا انگریزی:** 1-888-API-VOTE
بشمول مینڈارن، کینٹونیز، کوریائی، ویتنامی، ٹاگالوگ، اردو، ہندی، بنگالی/بانگلا اور پنجابی
- **عربی یا انگریزی:** 1-844-YALLA-US

**ووٹ دینے کے لیے پہلے سے منصوبہ بنائیں:** ووٹرز ووٹ ڈالنے کے متبادل طریقوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں:

- **قبل از وقت ووٹنگ ۔** 47 ریاستیں کسی بھی ووٹر کو الیکشن کے دن سے پہلے ووٹ ڈالنے کی اجازت دیتی ہیں ۔ الیکشن کے دن سے پہلے ذاتی طور پر کم سرگرمی ہو سکتی ہے۔

- **ڈاک کے ذریعے ووٹ دینا۔** 36 ریاستوں میں کوئی بھی ووٹر بذریعہ ڈاک (میل بیلٹ) ووٹ ڈال سکتا ہے، جبکہ باقی ریاستوں میں صرف مخصوص ووٹرز جیسے کہ معذور افراد یا وہ لوگ جو الیکشن کے دن کاؤنٹی سے باہر ہوں کو اس کی اجازت ہے۔ میل بیلٹس کو محفوظ 'بیلٹ ڈراپ بکس' (اگر آپ کے علاقے میں موجود ہوں)، الیکشن حکام کے دفتر، یا ڈاک کے ذریعے واپس بھیجا جا سکتا ہے۔ میل بیلٹ کی درخواست کرنے میں مدد کے لیے اپنے مقامی الیکشن آفس سے رابطہ کریں یا الیکشن پروٹیکشن ہاٹ لائن پر کال کریں۔

**دوسروں کے ساتھ ووٹ دیں۔** ووٹ ڈالنے کے لیے کسی قابلِ اعتماد شخص یا اپنے پیاروں یا پڑوسیوں کے گروپ کے ساتھ جانے پر غور کریں۔ ووٹرز کے ہمراہ جانے والے شخص کا رجسٹرڈ ووٹر یا امریکی شہری ہونا ضروری نہیں ہے، اگرچہ غیر شہری اس عمل میں شامل نہ ہونے کا فیصلہ بھی کر سکتے ہیں۔ پولنگ اسٹیشن تک آمد و رفت، پولنگ کے مقام پر فوٹوگرافی اور ویڈیو بنانے، اور ووٹ ڈالنے کے بدلے کسی قسم کے معاوضے (جیسے کھانا یا انعامات) سے متعلق ریاستی قوانین کی پابندیوں کو ضرور چیک کر لیں۔

# ووٹنگ کے دوران

### اگر آپ اپنے پولنگ اسٹیشن پر وفاقی اہلکاروں کو دیکھتے ہیں....

**اسکی اطلاع دیں۔** رپورٹ کرنے کے لئے الیکشن پروٹیکشن ہاٹ لائن پر کال کریں اور کسی بھی قسم کی دھمکی کی اطلاع دیں۔

**اضافی اقدامات پر غور کریں۔** ووٹرز وفاقی ایجنٹوں کی موجودگی کے بارے میں انتخابی عملے کو مطلع کر سکتے ہیں یا اپنے مقامی انتخابی عہدیدار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ رابطے کی معلومات usvotefoundation.org پر حاصل کریں۔
ووٹروں کو وفاقی ایجنٹ کی سرگرمی کو درج کرنا چاہیے اگر وہ چاہیں۔ کچھ ریاستیں پولنگ کے مقامات پر یا اس کے قریب فلم بندی کی اجازت نہیں دیتی ہیں۔ ووٹرز کو اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی فلم بندی سے صورتحال کشیدہ ہو سکتی ہے، اور تصاویر یا ویڈیوز بناتے وقت انہیں مناسب فاصلہ رکھنے پر غور کرنا چاہیے۔ اگر کسی بات چیت کی فلم بندی کے قانونی یا محفوظ ہونے کے بارے میں شبہ ہو، تو ووٹرز صرف آڈیو ریکارڈ کرنے، تحریری نوٹس لینے، یا اپنے مشاہدات پر مبنی وائس میمو ریکارڈ کرنے پر غور کر سکتے ہیں۔ درج ذیل معلومات الیکشن پروٹیکشن ہاٹ لائن اور انتخابی عملے کے لیے مفید ہیں:

- ▲ **سائز:** کتنے ایجنٹس یا افسران موجود تھے؟
- ▲ **سرگرمی:** ایجنٹ کیا کر رہے تھے؟ کیا وہاں پہ ووٹرز موجود تھے؟
- ▲ **مقام:** پولنگ کے مقام کے اندر یا آس پاس ایجنٹ کہاں موجود تھے؟
- ▲ **یونیفارم:** ایجنٹوں کے لباس پر کون سے حروف، تفصیلات، یا پیوند دکھائی دے رہے تھے؟